Oil & Gas Development Company Limited

اطلاعِ عام برائے 29th سالانہ اجلاسِ عام

اشتہار ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا 29واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 16 اکتوبر 2026 دن 11 بجے، او جی ڈی سی ہیڈ آفس، جناح ایونیو، بلیوایریا، اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور زیرِ غور لائے جائیں گے

عمومی کاروباری امور:

1-28ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 27 اکتوبر 2025 کے منٹس کی توثیق۔

2۔ کمپنی کے انفرادی اور مجموعی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 جون 2026 مع ڈائریکٹرز، آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، غور اور منظوری۔

3-سال 30 جون 2026 کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق (6 روپے فی شیئر یعنی حتمی نقد منافع 60%) کی منظوری دینا۔ (یہ منافع ان تین نقد منافع جات کے علاوہ ہے جن کی مجموعی شرح 110%، یعنی 11 روپے فی شیئر جو پہلے ہی ادا کیے جا چکے ہیں)

4-سال 27-2026 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی بھی کاروباری امور کی انجام دہی۔

بذریعہ حکم بورڈ
وسیم احمد
کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد
25 ستمبر، 2026

اہم نکات:

1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 9 اکتوبر 2026 سے 16 اکتوبر 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران شیئرز کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کی جائے گی۔ تاہم، وہ ٹرانسفر جو بروقت اور مکمل صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں مورخہ 8 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی، انہیں بروقت تصور کیا جائے گا اور ان کے حامل شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حتمی نقد منافع (اگر شیئر ہولڈرز کی منظوری سے اعلان کیا گیا) کے لیے اہل تصور کیا جائے گا۔

2-سالانہ اجلاس عام میں شرکت کا طریقہ کار:

سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والے ہر رکن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جو اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کے تمام یا کسی بھی حق کو استعمال کر سکے۔ تاہم پراکسی فارم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے، باقاعدہ اسٹامپ شدہ اور دستخط شدہ حالت میں جمع کرا دیا جائے۔

3-سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:

انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، انہیں اپنی شناخت کے لیے اجلاس کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ہمراہ شرکت کرنا ہوگی۔

کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، ڈائریکٹرز بورڈ کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے کے دستخط کی تصدیق اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

(ب) پراکسی کے تقرر کے لیے:

(i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، انہیں درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونا لازمی ہیں، جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

(iii) بینیفیشل اونرز اور پراکسی، دونوں کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہوں گی۔

(iv) پراکسی ہولڈر کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، ڈائریکٹرز بورڈ کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے (بمقصد کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی اور ووٹنگ) کی دستخط شدہ تصدیق پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ **www.ogdcl.com** پر دستیاب ہیں۔

4۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)132 کے مطابق کسی ایک جغرافیائی علاقے میں رہائش پذیر شیئر ہولڈرز، جو مجموعی طور پر کم از کم 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھتے ہوں، سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کے لیے اپنی رضامندی فراہم کریں تو کمپنی اس شہر میں، ویڈیو کانفرنس کی سہولت دستیاب ہونے کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کے انتظامات کرے گی۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم اپنی درخواست درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کو ارسال کریں:

کمپنی سیکریٹری
آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ
او جی ڈی سی ہیڈ کوارٹرز
پلاٹ نمبر 3، ایف-6/جی-6
جناح ایونیو، بلیوایریا، اسلام آباد

5۔ ایڈریس کی تبدیلی

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کو مطلع کریں۔

6۔ الیکٹرانک ذرائع سے منافع کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت، لسٹڈ کمپنی کی جانب سے قابلِ ادائیگی کوئی بھی نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقے سے، حقدار شیئر ہولڈر کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست منتقل کیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

- بینک اکاؤنٹ ٹائیٹل: ----------
- بینک اکاؤنٹ (IBAN) نمبر: ----------
- بینک کا نام: ----------
- برانچ کا نام اور پتہ: ----------
- شیئر ہولڈر کا قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC): ----------
- شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر: ----------
- شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر (اگر کوئی ہو): ----------

7-سالانہ رپورٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل

S.R.O.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 اور 30 اکتوبر 2023 کو منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے دی گئی اجازت کے تحت، 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ان سے متعلق رپورٹس کے ہمراہ، QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اراکین کو فراہم کیے جا رہے ہیں۔

یہی مالیاتی گوشوارے اور متعلقہ رپورٹس ان اراکین کو ای میل کے ذریعے بھی ارسال کی جا رہی ہیں جن کے ای میل کمپنی کے پاس دستیاب ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی مطبوعہ کاپی کسی بھی رکن کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کی جائے گی۔

8۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹس کی دستیابی

کمپنی کے سال 30 جون 2026 کے آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹ کمپنی کی ویب سائٹ **www.ogdcl.com** پر دستیاب ہیں۔

علاوہ ازیں گزشتہ برسوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی سٹیٹمنٹ بھی مذکورہ ویب سائٹ کے لنک https://ogdcl.com/investors/financial-reports اور QR کوڈ کے ذریعے دیکھے یا ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

9۔ فزیکل شیئر ہولڈرز کی تفصیلات کا لازمی اندراج

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024ء کے ضابطہ 47 کے تحت، فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر، ایڈریس، ای میل ایڈریس، موبائل/ ٹیلی فون نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) سمیت اپنے کوائف کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل ایڈریس پر فراہم یا اپ ڈیٹ کریں، تاکہ کمپنی اپنے قانونی ریکارڈ کو مکمل اور اپ ڈیٹ رکھ سکے۔

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، 99بی۔ بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس
مین شاہراہ فیصل،
کراچی 74400
فون: +92111111500
فیکس: +92 21 34326053
Website: www.cdcsrsl.com
Email: info@cdcsrsl.com

10-فزیکل شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقل کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 72 کے تحت لسٹڈ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ فزیکل فارم میں جاری کیے گئے شیئرز کو بک انٹری فارم کے شیئرز میں تبدیل کریں۔

لہٰذا کمپنی کے ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل فارم میں شیئرز موجود ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سنٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDC) کے ذریعے اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرائیں۔

11-عدم وصول شدہ منافع جات اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 244 کے تحت، کمپنی اس سے قبل متعلقہ شیئر ہولڈرز سے ان کے غیر ادا شدہ یا غیر وصول شدہ منافع اور غیر ترسیل شدہ شیئر سرٹیفکیٹس وصول کرنے کے لیے رابطہ کر چکی ہے۔

جن شیئر ہولڈرز کے منافع یا شیئر سرٹیفکیٹس اب بھی غیر وصول شدہ یا غیر ترسیل شدہ ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اوپر دیے گئے ایڈریس پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے دعویٰ جمع کرائیں۔

12-سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت

ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں ممبران کو درج ذیل معلومات general.meetings2026@ogdl.com پر فراہم کرنا ہوں گی۔

نام شیئر ہولڈر	قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	شیئرز کی تعداد	فون نمبر	ای میل پتہ

ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شرکت کے لیے اُن ممبران کو جن کی ای میل میں تمام مطلوبہ معلومات شامل ہوں گی، کو سالانہ اجلاس عام سے ایک دن قبل لنک فراہم کیا جائے گا۔ ای میلز درج بالا ایڈریس پر 15 اکتوبر 2026 بروز جمعرات بوقت 5 بجے شام تک پہنچنا لازمی ہیں۔ لاگ ان کی سہولت 16 اکتوبر 2026 کو سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک میسر رہے گی۔

13- شیئر ہولڈرز کو تحائف دینے کی ممانعت

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے سرکلر نمبر 2(2018) مورخہ 9 فروری 2018 اور S.R.O.452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے ذریعے کمپنیز کو اجلاس عام یا اس کے حوالے سے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل یا طریقے سے تحائف یا تحائف کے بدلے مراعات فراہم کرنے سے منع کیا ہے، جن میں ''ٹوکن، کوپن، لنچ اور ٹیک اوے پیکیجز'' بھی شامل ہیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 185 کے تحت اس ممانعت کی کوئی بھی خلاف ورزی جرم تصور ہوگا اور قابلِ اطلاق قانون کے تحت اس پر سزا لاگو ہو سکتی ہے۔

Oil & Gas Development Company Limited

the energy

14۔منافع پر انکم ٹیکس کی کٹوتی اور استثنیٰ

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 150 کے تحت کمپنیوں کی جانب سے منافع (Dividend) کی ادائیگی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی موجودہ مقررہ شرح درج ذیل ہے:

فائلر:15 فیصد

نان فائلر:30 فیصد

منافع کی ادائیگی پر انکم ٹیکس، فیڈرل بورڈ آف ریونیو(FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) کے مطابق کاٹا جاتا ہے۔لہٰذا ان تمام اراکین کو، جو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے (فائلرز) ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں درج ہوں، تاکہ کمپنی نقد منافع کی ادائیگی پر 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد کی شرح سے انکم ٹیکس ودہولڈ کر سکے۔

مزید برآں، FBR کے مطابق، اراکین کے مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل ممبر اور مشترکہ حصص داروں کے فائلر/ نان فائلر اسٹیٹس کی بنیاد پر ودہولڈنگ ٹیکس علیحدہ علیحدہ مقرر کیا جائے گا، جو ہر رکن کے حصص کی ملکیت کے تناسب کے مطابق ہوگا۔

اس سلسلے میں مشترکہ طور پر شیئرز رکھنے والے تمام اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے زیر ملکیت شیئرز کے حوالے سے پرنسپل ممبر اور مشترکہ حصص داروں کے شیئرز کی ملکیت کے تناسب کی تفصیلات تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق فراہم کریں:

مشترکہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کا فارم

		پرنسپل ممبر		جوائنٹ ممبر		
فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	ٹوٹل ہولڈنگ	پرنسپل ممبر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	جوائنٹ ممبرز کے نام اور شناختی کارڈ نمبرز	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	دستخط

مشترکہ اکاؤنٹس سے متعلق معلومات اس نوٹس کے اجراء کے 10 دن کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار کو موصول ہو جانی چاہئیں۔معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ مذکورہ شیئرز پر پرنسپل ممبر اور مشترکہ حصص دار یا حصص داروں کی مساوی ملکیت ہیں۔

کمپنی کے کارپوریٹ ممبران، جو CDC میں رجسٹرڈ ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے قومی ٹیکس نمبرز (NTNs) ان کے متعلقہ پارٹیسپنٹس (Participants) کے پاس اپ ڈیٹ ہوں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل ممبران اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل، جس پر ان کا فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر درج ہو، ہمارے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

وہ ممبران جو انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 150 کے تحت ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، انہیں چاہیے کہ کتب کی بندش شروع ہونے سے قبل اپنے شیئر رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ (Tax Exemption Certificate) فراہم کریں، بصورت دیگر قابل اطلاق شرح کے مطابق منافع پر ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔

پراکسی فارم
29واں سالانہ اجلاس عام
آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

میں/ہم _____ ساکن _____ بطور حصص دار OGDC

رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر _____ اور حامل _____ عدد عام حصص کی حیثیت سے

جناب _____ ساکن _____ یا ان کی غیر موجودگی پر

جناب _____ ساکن _____ یا ان کی غیر موجودگی پر

جناب _____ ساکن _____ کو میری/ہماری ایماء پر کمپنی کے منعقدہ 29ویں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ **16** اکتوبر، **2026**، صبح **11:00** بجے او جی ڈی سی ہیڈ آفس، اسلام آباد میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لئے یا کسی بھی التواء کی صورت میں اپنا/ہمارا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

50 روپے کی اسٹامپ چسپاں کریں

_____

دستخط ممبر

- دستخط پراکسی _____
- نام _____
- فولیو/سی ڈی سی/اے سی نمبر _____

دستخط گواہان کے روبرو کیے گئے ہیں:

گواہان:

1	دستخط	2	دستخط
	پتہ		پتہ
	نام		نام
	قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ		قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ

نوٹس:

1۔اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا رکن کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے تاکہ وہ اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کے رکن کے تمام یا کسی بھی حق کو استعمال کر سکے۔

2۔باقاعدہ طور پر مکمل، دستخط شدہ اور اسٹامپ شدہ پراکسی فارم کمپنی کے سیکریٹری کے پاس، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر او جی ڈی سی ہیڈ کوارٹرز، پلاٹ نمبر G-6,F-6,3، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں، اجلاس کے انعقاد کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔

سی ڈی ایس اکاؤنٹ ہولڈرز / کارپوریٹ اداروں کے لیے

مندرجہ بالا شرائط کے علاوہ، درج ذیل تقاضے بھی پورے کرنا ضروری ہیں:

I۔پراکسی فارم کے ساتھ شیئر ہولڈرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا لازمی ہے۔

II۔پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

III۔کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، مجاز نمائندے کے نمونہ دستخط، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا لازمی ہیں۔

Oil & Gas Development Company Limited
OGDC Headquarters, Plot No. 3, F-6/G-6, Jinnah Avenue,
Blue Area, Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 (51) 9244102-3, Fax: +92 (51) 9244104

ogdc the energy